The Leading Urdu daily of India Published Simultaneously from Bihar, Jharkhand & U.P.

بانی: ایس ایم عمر فریدؒ

قومی تنظیم

QAUMI TANZEEM कौमी तंज़ीम

R.N.I. No. 4257/64. website : www.qaumitanzeem.com

PATNA, 22.03.2023 (Wed.) * * Late City Rs. 3/- 63:جلد نمبر 78: شمارہ نمبر (بدھ) ۱۴۴۴ھ شعبان المعظم ۲۹ مطابق ۲۰۲۳ء مارچ ۲۲ ،پٹنہ

مظہرالحق بی ایڈ کالج میں اعزازی تقریب کا انعقاد

سمستی پور (تنویر عالم تنہا) مولانا مظہرالحق ٹیچرس ٹریننگ کالج سستی پور میں اساتذہ، غیر تدریسی عملہ اور طلباء کی جانب سے نیک میں نمایاں خدمات انجام دینے پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں للت نارائن متھیلا یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سریندر پرتاپ سنگھ اور کالج آرٹس اینڈ کامرس کے انسپکٹر پروفیسر اشوک کمار مہتا مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے۔ تقریب کی صدارت مولانا مظہرالحق ٹیچرس ٹریننگ کالج کے صدر محمد ابوتمیم نے کی۔ اس موقع پر تمام اساتذہ، نان ٹیچنگ اسٹاف اور طلباء کو مومنٹو سے نوازا گیا۔ پروگرام کے اختتام پر طلباء کی جانب سے رنگارنگ ثقافتی پروگرام بھی پیش کیا گیا۔ اس موقع پر للت نارائن متھلا یونیورسیٹی بی ایڈ کے ایچ او ڈی ڈاکٹر اروند ملن، بلی رام بھگت کالج کے پرنسپل پروفیسر ویریندر کمار چودھری، ویمنس کالج کی پرنسپل ڈاکٹر انیتا سنہا، آر این اے آر کالج کے پرنسپل ڈاکٹر سریندر پرساد، اورینٹل کالج آف ایجوکیشن دربھنگہ کے پرنسپل، ڈاکٹر جی ایم انصاری، مولانا مظہرالحق ٹیچرس ٹریننگ کالج کے پرنسپل انجم وارث، بی بی فاطمہ ٹیچرس ٹریننگ کالج کے سکریٹری انجم اصغر، مولانا مظہرالحق ٹیچرس ٹریننگ کالج کے سکریٹری ابوسعید وغیرہ موجود تھے۔